Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · HER LIFE

Birth Date

تاریخ تولد

Lady Fatima az-Zahra (pbuh) was born to parents of the highest rank and nobility, yet even her exact date of birth and even the year of her birth has not been recorded with certainty in history. Historians are not only divided regarding her biography, but they also differ concerning the dates related to the divinely guided leaders and the infallible Imams. Indeed, disagreement exists even over such critically important matters as the date of birth and the date of passing of the Prophet of Islam (pbuh). In any case, what has been mentioned regarding the birth of this heavenly star includes three well-known opinions: She was born five years before the Prophetic mission (be'sat). She was born five years after the Prophetic mission. She was born two years after the Prophetic mission. However, within the statements of narrators, scholars, and traditionists, there exists a strong and noteworthy indication suggesting that her birth occurred after the commencement of the Prophetic mission. This indication lies in the connection between her birth and the Meraj (the Ascension of the Prophet). It is narrated that the Prophet (pbuh) said: "On the night of Meraj, I was given an apple from Paradise, and from it the sacred existence of my daughter az-Zahra was formed." Moreover, Shi'a scholars generally date the Meraj as occurring from two years after the Prophetic mission up to six months before the Hijrah, further supporting the view that Lady Fatima's birth took place after the beginning of the Prophetic mission.

فاطمہ زھرا انتہائی عظیم المرتبت والدین سےپیدا ہوئیں، لیکن تاریخ ولادت بلکہ سال ولادت بھی صحیح طورپر واضح نہیں ہے۔ مورخین فقط آپ کے بارے میں ہی متفق نہیں ہیں بلکہ ھادیان اور آئمہ معصومین کی تاریخوں اور مزیدیہ کہ انکی تاریخ تولد بلکہ پیغمبر اسلامؐ کی تاریخ وفات جیسے اہم ترین موضوع پر بھی متفق نہیں ہیں۔ بہرحال جو کچھ آسمانی ستارے کی تاریخ تولد کے بارے میں کہا گیا ہے، اس میں تین مشہور قول ہیں۔ الف۔ بعثت سے پانچ سال قبل، ب۔ بعثت کے پانچ سال بعد، ج۔ بعثت کے دو سال بعدپیدا ہوئیں۔ البتہ تمام راویوں اور علماء و محدثین کی باتوں میں ایک قوی اور قابل توجہ قرینہ پایا جاتا ہے، جو واضح کرتا ہے کہ آنحضرتؐ کی ولادت بعثت کے بعد میں ہوئی ہے اور وہ قرینہ آپ کی ولادت اور معراج النبی کے درمیان ارتباط سے ہے کیونکہ روایات میں آیا ہے کہ پیغمبر نے فرمایا ہے کہ شب معراج مجھے جنت سے سیب دیا گیاجس سے میری بیٹی زہرا کا وجود اقدس اسی سبب سے تشکیل پایا۔ علاوہ ازیں علماء شیعہ معراج کو بعثت سے دو سال بعد سے لیکر ہجرت سے چھ ماہ قبل تک لکھتے ہیں۔

Free to read, copy and share

On the other hand, it is narrated in the noble book al-Amaali by Shaykh al-Sadooq (r) that at the time of the birth of Sayyidah Fatima (pbuh), none of the women of Quraysh or Banu Hashim came to assist Lady Khadijah. Instead, they said: “O Khadijah, you did not listen to us and married the orphan nephew of Abu Talib.” It is an established point that if the date of birth is accepted as five years after the Prophetic mission, then during that period the Prophet (pbuh) certainly had supporters. In fact, there existed a group who were devoted to him with heart and soul. Lady Khadijah, therefore, would not have been in need of help from non-believers, and the taunt of “the orphan of Abu Talib” would have been baseless. On the other hand, some Shia and Sunni narrations associate the birth of Lady Fatima (pbuh) with the reconstruction of the Kaaba. This account of rebuilding the Kaaba, and of appointing the Prophet as the arbiter in placing the Black Stone (Ḥajar al-Aswad), undoubtedly occurred before the Prophetic mission or in its very early days. This is because in the fifth year of the mission, Quraysh had already become hostile to the Prophet, and therefore they would not have entrusted him with such an arbitration.

دوسری طرف سے کتاب شریف امالی میں شیخ صدوق علیہ الرحمۃ سے روایت ہے کہ جناب سیدہ کی ولادت کے موقع پر قریش اور بنی ہاشم کی خواتین سے کوئی بھی حضرت خدیجہ کی مدد کیلئے نہیں آئیں۔ بلکہ کہنے لگیں کہ اے خدیجہ اس وقت ہماری بات نہیں سنی اور ابو طالب کے یتیم بھتیجے سے شادی کرلی۔ مسلمہ بات ہے کہ اگر تاریخ تولد کو بعثت سے پانچ سال بعد قبول کرلیں، تو اس مدت میں تو یقیناپیغمبر مددگار رکھتے تھے بلکہ ایک طبقہ ایسا تھا جو دل و جان سےپیغمبر کا شیدائی تھا اور حضرت خدیجہ غیر مسلموں سے امداد کی نیاز مند ہی نہ تھیں، اور یتیم ابوطالب کے طعنے بھی بے بنیاد تھے۔ دوسری طرف سے چند شیعہ اور سنی روایات جناب فاطمہ کی ولادت کو خانہ کعبہ کی تعمیر نو کے ساتھ مربوط کرتے ہیں، یہ تعمیر نو والی داستان، اور حجر اسود کے نصب کرنے میں پیغمبر کو قاضی قرار دینے والی باتیں مسلماً بعثت سے پہلے یا اوائل بعثت میں تھیں، کیونکہ بعثت کے پانچویں سال میں قریش پیغمبر سے دشمنی رکھتے تھے، لہذا اس حکم کی قضاپیغمبر کو نہ دیتے۔

According to Shia narrations, Sayyidah Fatima (pbuh) was born five or two years after the Prophetic mission (be‘sat), whereas Sunni narrations support the view that she was born five years before the mission. The truth is that for such great and exalted personalities, the exact dates of birth, martyrdom, or passing are not the most important matters. Rather, what truly deserves the attention of future generations is that they come to understand who these unparalleled individuals were, how they lived their lives, and what impact they left on society during their time and for the future.

شیعہ روایت میں اس طرح ہے کہ سیدہ بعثت سے پانچ یا دو سال بعدپیدا ہوئیں۔ جبکہ اہل سنت کی روایات بعثت سے پانچ سال پہلے والے قول کی تائید کرتی ہیں۔ حقیقی بات یہ ہے کہ بزرگ و عظیم المرتبت شخصیات کی تاریخ ولادت یا شہادت یا رحلت اتنی اہم نہیں ہوتی بلکہ جو چیز ایسے برجستہ اور عظیم المرتبت شخصیات کی زندگیوں سے آئندہ نسلوں کیلئے قابل توجہ ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ جان لیں کہ وہ بے نظیر لوگ کون تھے، کیسے زندگی بسر کرتے تھے اور اپنے دور میں اور آئندہ کیلئے معاشرے میں کیا اثر چھوڑ گئے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/dua/birth-date-3658 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.